| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 10 پہلا دن | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: قُدرتی ماحول اور وسائل (دہرائی)

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- شناخت کر سکیں کہ قُدرتی ماحول جان دار اور بے جان اشیا پر مشتمل ہے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:** 10 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "قُدرتی ماحول اور وسائل" لکھیں۔
- طلبہ کو سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔ انھیں بتائیں اِرد گرد اشیا مل کر ہمارا ماحول بناتی ہیں ان اشیا میں جان دار (انسان، پودے اور جانور) بھی شامل ہیں اور بے جان اشیا (پہاڑ، میدان، ریگستان وغیرہ) بھی۔
- طلبہ کو قُدرتی ماحول کے بارے میں بتائیں وہ ماحول جہاں جان دار اور بے جان اشیا انسانی مداخلت کے بغیر قدرتی طور پر پائی جاتی ہیں، قُدرتی ماحول کہلاتا ہے۔
- دہرائی کے بعد طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** 10 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

# ورک شیٹ

20منٹ

| سبق: قُدرتی ماحول اور وسائل (دہرائی) | مضمون: واقفیتِ عامہ | نام:__________ |
|---|---|---|

سوال1: اپنے اِرد گرد موجود جان دار اور بے جان اشیا کے نام لکھیں۔

| جان دار اشیا | بے جان اشیا |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |

سوال2: دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

| قُدرتی | تین چوتھائی | بے جان | ماحول | خشکی |
|---|---|---|---|---|

۱۔ زمین کے قریباً __________ حصّے پر پانی ہے۔

۲۔ اِرد گرد کی اشیا مل کر __________ بناتی ہے۔

۳۔ جان دار چیزیں زندہ رہنے کے لیے __________ چیزوں پر انحصار کرتی ہیں۔

۴۔ زمین کے ایک چوتھائی حصّے پر __________ ہے۔

۵۔ قُدرتی ماحول میں اشیا __________ طور پر پائی جاتی ہیں۔

| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 10 دوسرا دن | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: قُدرتی ماحول اور وسائل (دہرائی)

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- جان سکیں کہ انسانی زندگی کے لیے قُدرتی وسائل جیسے: زمین، ہوا، پانی اور سورج وغیرہ بہت ضروری ہیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:** 10 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں انھیں بتائیں کہ جو چیزیں قدرت نے عطا کی ہیں اور جنھیں ہمارے فائدے کے لیے پیدا کیا ہے انھیں قدرتی وسائل کہتے ہیں۔ مثلاً زمین، سورج، پانی وغیرہ۔
- طلبہ کو قدرتی وسائل کی اہمیت کے بارے میں بتائیں جیسے زمین پر رہنے کے لیے ہم گھر بناتے ہیں، زمین کے نیچے چھپی چیزیں، معدنیات کہلاتی ہیں جنھیں ہم مختلف مقاصد کے لیے استعمال کرتے ہیں اسی طرح پانی کے بغیر زندگی کا تصوّر بھی ممکن نہیں۔ جبکہ سورج کی روشنی اور حرارت کا سب سے بڑا قدرتی ذریعہ ہے۔
- دہرائی کے بعد طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** 10 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

ورک شیٹ 20منٹ

| | | |
|---|---|---|
| نام: ___________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: قُدرتی ماحول اور وسائل (دہرائی) |

**سوال 1: سوالات کے جواب دیں۔**

ا۔ قُدرتی وسائل سے کیا مراد ہے؟

_______________________________________

_______________________________________

۲۔ زمین میں پائی جانے والی چند معدنیات کے نام لکھیں۔

_______________________________________

_______________________________________

۳۔ روشنی اور حرارت کا سب سے بڑا قُدرتی ذریعہ کیا ہے؟

_______________________________________

_______________________________________

**سوال 2: درست جواب کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (×) کا نشان لگائیں۔**

| | | |
|---|---|---|
| ا۔ | جان دار پانی کے بغیر زندہ رہ سکتے ہیں۔ | |
| ۲۔ | سورج کی روشنی کی مدد سے فصلیں اُگتی ہیں۔ | |
| ۳۔ | قدرتی وسائل کے بغیر جان داروں کی بقا ممکن ہے۔ | |
| ۴۔ | زمین قدرتی وسائل میں سے ایک ہے۔ | |
| ۵۔ | سونا، نمک، لوہا اور کوئلہ وغیرہ معدنیات کہلاتی ہیں۔ | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 10 تیسرا دن | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

## سبق کا نام: قُدرتی ماحول اور وسائل (دہرائی)

### حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- قُدرتی اور انسان کی بنائی ہوئی یعنی مادی اشیا میں فرق جان سکیں۔
- شناخت کر سکیں کہ لوگ قُدرتی وسائل کو استعمال کرتے ہوئے انسانی ضروریات کی اشیا بناتے ہیں۔

### تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/ بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

### طریقہ تدریس: 10 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''قُدرتی ماحول اور وسائل''، لکھیں۔
- طلبہ کو بتائیں قدرتی وسائل اللہ تعالیٰ نے ہمارے فائدے کے لیے پیدا کیے ہیں اور ان وسائل کو استعمال میں لاتے ہوئے جن اشیا کو بنایا جاتا ہے وہ مادی اشیا کہلاتی ہیں۔ مثالوں کی مدد سے قدرتی اور مادی اشیا میں فرق واضح کریں۔

### اعادہ: 10 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

### جائزہ:

N/A

### گھر کا کام:

N/A

| 20منٹ | ورک شیٹ |
|---|---|

| سبق: قُدرتی ماحول اور وسائل (دہرائی) | مضمون: واقفیتِ عامہ | نام:__________ |
|---|---|---|

سوال 1: دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| زیورات | قدرتی وسائل | مٹی | لکڑی | ایندھن |

۱۔ درختوں سے حاصل ہونے والی __________ سے فرنیچر بنتا ہے۔

۲۔ سونا، چاندی اور قیمتی پتھروں سے __________ بنتے ہیں۔

۳۔ __________ کی مدد سے بننے والی اشیا، مادی اشیا کہلاتی ہیں۔

۴۔ لکڑی بطور __________ بھی استعمال ہوتی ہے۔

۵۔ __________ بھی قُدرتی وسائل میں سے ایک ہے۔